© rasailojaraid.com



# مطبوعات

**دین اور اس کی حقیقت** تالیف ڈاکٹر عبد الجبار خیری صاحب ضخامت ۲۴۰ صفحات قیمت عہ ،

پتہ :- غرفہ ، پہاڑی املی ، دہلی ۔

اس کتاب میں ڈاکٹر صاحب نے دین کے معنی اور ماہیت کی تشریح کرنے کے بعد نہایت معقول اور مضبوط دلائل کے ساتھ ثابت کیا ہے کہ دین صرف اسلام ہے ، اور اس وقت دنیا میں جتنے مذاہب پائے جاتے ہیں ان میں سے کسی پر لفظ دین کا اطلاق نہیں ہو سکتا ، کیونکہ ان میں سے کسی میں وہ شرائط نہیں پائی جاتیں جو کسی مذہب کے "دین" ہونے کے لیے ضروری ہیں ۔ اس سلسلہ میں انہوں نے صحیح علمی طریق پر دین کو جانچنے کے لیے پہلے ایک معیار تنقید متعین کیا ہے ، پھر ہندو ، جین ، بدھ ، سکھ ، آریہ ، پارسی ، یہودی اور عیسائی مذاہب میں سے ایک ایک کو اس کسوٹی پر جانچ کر کھوٹا ثابت کر دیا ہے ۔ اور آخر میں اسلام کو اس کسوٹی پر کس کر یہ دکھایا ہے کہ اس دین میں ایک ایک امر تنقیح طلب کا پورا جواب ملتا ہے ۔

ڈاکٹر صاحب اگرچہ دہلی کے باشندے ہیں مگر ان کی عمر کا بہت بڑا حصہ ہندوستان سے باہر گزرا ہے اس لیے ان کو اُردو زبان پر وہ قدرت حاصل نہیں رہی ہے جو ان مضامین کو بیان کرنے کے لیے ضروری ہے ۔ بکثرت مقامات پر عبارات کی بے ربطی اور بیان کی کوتاہی صاف محسوس ہوتی ہے ۔ بہت سی جگہ مضامین کی غیر ضروری تکرار ہے کہیں کہیں غیر متعلق مباحث بیچ میں آکر بیان کی منطقی ترتیب میں خلل ڈال دیتے ہیں ۔ یہ کمزوریاں اگر نہ ہوتیں تو کتاب کی قوتِ تاثیر بہت بڑھ جاتی ۔

فاضل مصنف نے اسلام اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے متعلق یورپ اور ہندوستان کے بہت سے لوگوں کی رائیں اس کثرت سے نقل کی ہیں کہ کتاب کا ایک بڑا حصہ ان کی نذر ہو گیا ہے یہ چیز

© rasailojaraid.com